ادارہ

مسافرانِ آخرت

☆مجلس احرارِ اسلام چیچہ وطنی کی مجلس شوریٰ کے رکن حافظ محمد آصف سلیم کے تایا صوفی محمد رفیق 7 فروری منگل 108/12.L کو انتقال فرما گئے۔

☆ساہیوال میں ہمارے محبّ ومہربان حضرت مولانا عبدالستار (مہتمم جامعہ اشرفیہ مرکزی جامع مسجد عیدگاہ ساہیوال) 3 فروری کو انتقال فرما گئے نماز جنازہ 4۔فروری کو حضرت پیر جی عبدالحفیظ رائے پوری نے پڑھائی۔

☆دارالعلوم مدنیہ مسجد بلاک نمبر 18 کے مدرس اور احرار کارکن قاری محمد زاہد کی والدہ ماجدہ منچن آباد میں 17 فروری بروز جمعۃ المبارک کو انتقال فرما گئیں۔

☆چیچاوطنی میں معاون جماعت محمد سعید (بابا گارمنٹس) کی ہمشیر صاحبہ 23ر فروری کو انتقال فرما گئیں۔

☆سراجیہ دواخانہ چیچاوطنی کے کارکن رفاقت علی کی والدہ 24ر فروری کو انتقال فرما گئیں۔

☆مجلس احرار اسلام بیٹ میر ہزار کے رہنما محمد اصغر لغاری کی ہمشیرہ۔انتقال: ۱۷ر فروری ۲۰۱۲ء

☆چودھری بشیر احمد بٹالوی مرحوم، مجلس احرار اسلام پاکستان کے سابق نائب امیر چودھری ثناء اللہ بھٹہ مرحوم کے بھائی اور چودھری افتخار بھٹہ کے چچا۔انتقال: ۱۹ر جنوری ۲۰۱۲ء لاہور

☆ماسٹر شریف طارق مرحوم، مجلس احرار اسلام میلسی کے کارکن محمد یعقوب کے سُسر۔انتقال: ۲۴ر فروری ۲۰۱۲ء

☆اہلیہ مرحومہ مولانا ضیاء القاسمی رحمۃ اللہ علیہ: مولانا ضیاء القاسمی مرحوم کی اہلیہ اور مولانا زاہد محمود قاسمی کی والدہ۔انتقال: ۹ر فروری ۲۰۱۲ء

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کا اہتمام کریں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

دعائے صحت

☆ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المومن بخاری دامت برکاتہم گزشتہ دو برس سے فالج اور بلڈ پریشر کی وجہ سے علیل ہیں۔ احباب احرار اور قارئین سے دعاء صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ حضرت شاہ جی کو صحت کاملہ عطا فرمائے (آمین)

☆حضرت حافظ سید محمد وکیل شاہ صاحب (والد ماجد سید محمد کفیل بخاری) ☆حاجی عبدالعزیز صاحب (احمد سوئیٹس، ملتان)

☆چودھری مشتاق احمد صاحب (مہربان کالونی ملتان) ☆محمد احمد۔ملک محمد صدیق صاحب امیرِ احرار تلہ گنگ کے فرزند

☆محمد انیس۔مجلس احرارِ اسلام چشتیاں کے کارکن جناب ظہیر احمد کے بھائی۔

☆حافظ محمد اشرف، رحیم یار خان (رکن مرکزی مجلس شوریٰ مجلس احرار اسلام) شدید علیل ہیں اور ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔

☆گکھڑ منڈی میں امام اہلسنت حضرت مولانا محمد سرفراز خان صفدر رحمۃ اللہ علیہ کے معتمد خاص، ''نقیب ختم نبوت'' کے مستقل قاری اور ہمارے مہربان، چودھری فضل حسین چیمہ شدید علیل ہیں، ان کی ہرنیوں کا آپریشن ہوا ہے۔

احباب سے دعاء صحت کی درخواست ہے۔اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے۔(آمین)